جلد ۴۰

نمبر ۴۷

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ٹھیکہ خور اصطبل	۱
۲	ٹھیکہ انڈے مرغی	۱
۳	[illegible]	۲، ۳، ۴
۴	[illegible]	۳
۵	[illegible]	۴
۶	[illegible]	۴
۷	[illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ٹھیکہ خوراک اصطبل

۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

مصدرہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباره منظوری ٹھیکہ خوراک اصطبل بجمع مبلغ ما[illegible] مع نذرانہ بندوبست بنام احمد بخش تحویلدار اصطبل من ابتداء جون سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مئی سنہ ۱۹۲۹ء۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ خوراک اصطبل من ابتداء یکم جون سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مئی سنہ ۱۹۲۹ء بجمع مبلغ ما[illegible] منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۱ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

ٹھیکہ انڈے مرغی

۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباره منظوری ٹھیکہ انڈے و مرغی وغیرہ مصارف مہمانان باورچیخانہ جات من ابتداء ۱۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء لغایت ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء بنام [illegible]۔

مرغ کابلی	مرغ ...	مرغ ...	انڈے فیصدی	مرغ چینی
فی [illegible]	فی [illegible]	فی ۱۲ [illegible]	[illegible]	فی [illegible]
ہنس کلان	بط خرد	پیرو کی جوڑ	خرگوش	
فی [illegible]	فی [illegible]	[illegible]	فی [illegible]	

حکم

ہشیکہ انڈے مرغ وغیرہ مصارف باورچیخانہ جات مہمانان برائے یکسال بنام ابن علی حسب صراحت رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی اجراء احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ر نومبر ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مورخہ ۲۰ر اگست ۱۹۲۸ء منظوری دیجاتی ہے کہ لفٹنٹ احمد اللہ خان کو ملقب بہ اسسٹنٹ مہتمم بندوبست کر دیا جائے۔ وہ بہ نگرانی صاحب مہتمم بندوبست کام انجام دیں۔ ... تنخواہ بدستور صیغہ فوج سے ملیگی جب وہ صیغہ مال کے کام سے اچھی طرح واقف ہو جائینگے تو اُس وقت صیغہ مال میں انکی تنخواہ منتقل ہو جائیگی۔ تیس روپیہ الاؤنس جو انہیں ملتا ہے وہ بدستور جاری رہیگا ... کیا جاتا ہے۔ بحالت دورہ ضابطہ کا سفر خرچ اور بھتہ وہ پائینگے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

میر ساہد

بنذر عرض

جناب عالی

صاحب مہتمم بندوبست وتحصیلداران کو بوجہ مصروفیت کار عدالت روزانہ معمولات میں دورہ کر کے کاغذات دیہی مرتبہ پٹواریان وقانونگویان کی جانچ پڑتال کا بہت کم موقع ملتا ہے ... قانونگویان کی جانچ پڑتال شدہ کاغذات پر اکتفا کر کے نقشہ جات وہ سالہ وغیرہ پر کارروائی بندوبست تشخیص جمع وغیرہ کی کیجاتی ہے۔ بلحاظ نفع ونقصان سرکار یہ ضرورت ہے کہ ایک ایسا افسر مستقل خاص کاغذات دیہی کی جانچ پڑتال کیواسطے مقرر کیا جائے کہ وہ فرائض پٹواریان وقانونگویان کی نگرانی رکھکر انکے کام کی دورہ کر کے جانچ پڑتال کرتا رہے۔ لفٹنٹ احمد اللہ خانصاحب اے ڈی سی۔ مشاہرہ دار انکو جانچ پڑتال کے متعلق سابقاً بمنظوری اجلاس ہمایون بندگان عالی بنظر تیس روپیہ ماہوار الاؤنس معاونت کام دفتر نو آبادی وجانچ کام موقع نو آبادی تفویض کیا گیا ہے۔ لفٹنٹ صاحب موصوف کو بتاریخ ۱۹ر جولائی ۱۹۲۸ء ہدایت کی گئی تھی کہ وہ چند روز اصول وتیاری ترتیب تکمیل کاغذات دیہی کے قواعد مجریہ پر نظر ڈالکر ان اصولوں کے موافق دورہ کر کے موقع پر عملی صورت میں لاکر تجربہ حاصل کریں۔ چنانچہ بمنشاء حکم انہوں نے اپنے آپ کو تیار کیا۔ صاحب مہتمم بندوبست نے پرچہ سوالات قایم کر کے امتحان لیکر ۳۰ر اگست ۱۹۲۸ء کو رپورٹ دی کہ لفٹنٹ صاحب نے بہت سرسری علم کاغذات وپیمائش موقع حاصل کر لیا ہے۔ مزید مشق اور محنت وشوق کے ساتھ جاری رہے تو امید ہے کہ اچھی طرح واقف ہو جائینگے۔ چونکہ کاغذات دیہی وپیمائش کے اصولوں سے سرسری طور پر لفٹنٹ صاحب نے واقفیت حاصل کر لی ہے۔ آیندہ کام تفویض ہونے پر پورا تجربہ حاصل ہو جائیگا۔ مناسب ہے کہ لفٹنٹ احمد اللہ خانصاحب کو ملقب بہ اسسٹنٹ مہتمم بندوبست بھی کر دیا جائے۔ وہ بہ نگرانی صاحب مہتمم بندوبست کار فرائض واختیارات مصرحہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست مورخہ ۲۳ر اگست ۱۹۲۸ء تفویض کر دے جائیں۔ اور انکی اور تحصیلداران صاحبان کی خط وکتابت مساوی درجہ کی یادداشت کے طور پر ہوا کرے۔ اس انتظام سے امید ہے کہ پٹواریان وقانونگویان اپنے اپنے کام منصبی کو وقت پر بخوبی اچھی طرح انجام دینگے۔ اور کاغذات دیہی بھی قابل اطمینان تیار ہوتے رہیں گے۔ لفٹنٹ احمد اللہ خان صاحب اے ڈی سی کا بھی کام انجام دینگے اور تنخواہ بدستور محکمہ اے ڈی سی سے پائینگے۔ اور کار نو آبادی کے صلہ میں جو الاؤنس پاتے ہیں وہ مسدود کیا جائے۔ اور جب کار مفوضہ اسسٹنٹ مہتمم بندوبستی کا دورہ کرینگے تو ضابطہ کا سفر خرچ وبھتہ بابتہ ایام دورہ وہ پانے کے مستحق ہونگے۔ رپورٹ جامع کاغذات متعلقہ ہمراہ ہذا بغرض ملاحظہ وصدور حکم ابلاغ بحضور ہے۔ والادب

فرایض منصبی اسسٹنٹ مہتمم بندوبست

لفٹنٹ احمد اللہ خان بحیثیت اسسٹنٹ مہتمم بندوبست فرایض مصرحہ ذیل زیر نگرانی صاحب مہتمم بندوبست انجام دینگے۔ جانچ کام۔

(۱) (الف) پٹواریان مرموقعہ خصوصاً بروقت گرداوری فصلین وپڑتال نقشہ جات وجمعبندی جانچ پرتی برآری ودیگر کاغذات دیہی مطابق ہدایات قواعد پٹواریان وجانچ دیگر حسابات کے لئے سرخط زد کاشتکاران کا مقابلہ حسابیہ پٹواری در باب کاشتکاران سے کرنا ہوگا۔ اور بصورت اختلاف یا عدم موجودگی سرخط کے جداگانہ رپورٹ معائنہ سے کرتا ہوگا۔

(ب) جانچ کام گرداوران مرموقعہ اس امر کا اطمینان کرنا ہوگا کہ گرداور نے کافی گشت وجانچ اپنے حلقہ میں کی ہے یا نہیں۔

(ج) جانچ کام رجسٹران وبابت رجسٹران بلاحظہ رجسٹران یہ دیکھا جائیگا کہ اندراج رجسٹران مکمل ہیں یا نہیں اور منعقدہ کو در قلد اوقات معینہ کے اندر ہوا ہے یا نہیں اور تنخواہ پٹواریان وقت پر تقسیم ہوتی ہے یا نہیں۔ نیز رقومات وضع شدہ کا

اندراج فصل الوصول مین ہوتا ہو یا نہین اور خزانہ مین رقم و ضمانت موجود ہے یا خرچ ہوگئی

(۲) کاغذات متعلقہ کل ملازمان پٹواری خندہ و ایلیان پٹوار خندہ یا تتمہ اجلاس خواہ وہ کاغذات متعلقہ پٹواریان و قانونگویان ہون یا ملازمان پٹوار ہون - اول صاحب اسسٹنٹ مہتمم بندوبست کے سامنے پیش ہونگے اور کارروائی ذیل ہوگی -

الف - پٹواریان و گماشتگان و مردیہ گان کو ایک ہفتہ تک کی تنخواہ مقصود غیر حاضری اسسٹنٹ صاحب خود وضع کرسکینگے - یا بقصور عدول حکمی ایک ہفتہ تک انکو معطل کرسکینگے -

(ب) دو ہفتہ تک رخصت پٹواریان و گماشتگان - مردیہ گان کو دے سکینگے -

(ج) احکام اخراج نام پٹواری ہونے کو و معافی چندہ مدرسہ بحالت کامیابی پٹواریان بھی بحکم صاحب اسسٹنٹ مہتمم بندوبست جاری ہوجایا کرینگے -

(د) پٹواریان کے متعلق باقی صورتون مین تقرر و برخاستگی و تبدیل و مزید سزا وغیرہ کے کل رپوٹین با اظہار رائے اجلاس صاحب مہتمم بندوبست مین کرینگے -

(ہ) قانونگویان کے متعلق سزائے جرمانہ و معطلی و تقرر و تبدیل وغیرہ کی رپوٹین بعد اظہار رائے کے اجلاس صاحب مہتمم بندوبست مین پیش کیا کرینگے -

نوٹ - جب صاحب اسسٹنٹ مہتمم دورہ مین جائینگے - تو حسب عمل موجودہ صاحب مہتمم بندوبست اپنے اجلاس سے ضروری کارروائی کرینگے -

(۳) صاحب اسسٹنٹ مہتمم جو معائنہ جات کرینگے یا کام پٹواریان و گرداوران و قانونگویان کی جانچ کرینگے انکی رپوٹین صاحب مہتمم بندوبست کے پیش ہونگی -

(۴) سرانجام کام کے لئے دو اہلمد دیئے جائینگے انہی مین سے ایک اہلمد منشی کریگا -

نوٹ - کمرہ اجلاس اسسٹنٹ مہتمم بندوبست - بندوبست جدید کے کمرہ جات واقع اندرون دروازہ صدر ہوگا -

(۵) روزنامچہ جات گرداوران و نقشہ جات وغیرہ خلاصہ گان و پستو رصدر قانونگو کے پاس آتے رہینگے - صدر قانونگو سے مناسب نوٹ کے ساتھ انکو صاحب اسسٹنٹ کی آگاہی کے لئے انکے پاس بھیجا کرینگے - اور اسسٹنٹ صاحب اپنے نوٹ کے ذریعہ سے اجلاس بندوبست مین پیش کیا کرینگے -

(۶) مدرسہ پٹواری کی نگرانی بھی صاحب اسسٹنٹ مہتمم کرینگے - اور انکا ماہواری نقشہ مہتمم بندوبست کے اجلاس مین بھیجا کرینگے -

(۷) اہلکاران اجلاس بندوبست و مستقی و پٹوار فنڈ کا بھی معائنہ صاحب اسسٹنٹ مہتمم کرکے اجلاس بندوبست مین پیش کیا کرینگے -

(۸) علاوہ امور معرضہ بالا کے صاحب اسسٹنٹ وہ ضروری کام بھی جو نفع و نقصان سرکار سے متعلق ہون صاحب مہتمم بندوبست سپرد کرسکتے ہین - ۲۳ ر اگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب مہتمم بندوبست و اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منظوری اجلاس ہمایون رقمزدہ ۳ ر نومبر ۱۹۲۶ء احکام ضابطہ جاری ہون - اور ایک ایک نقل فرمان معہ نقل اسسٹنٹ مہتمم بندوبست مرتبہ صاحب مہتمم بندوبست مورخہ ۲۳ ر اگست ۱۹۲۶ء مع عرضداشت منظور شدہ اجلاس ہمایون بھی ہمراہ حکم مجریہ کیجائے - اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو - ۵ ر نومبر ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۶ ر نومبر ۱۹۲۶ء

مقبول احمد خان نگران توشہ خانہ کا نام ملازمت سے بوجہ فوتی خارج ہوچکا ہے اس جگہ پر سے انکے پسر شریف احمد خان منصرم جانچ کو باضافہ [illegible] یعنی [illegible] ماہانہ پر نگران توشہ خانہ مقرر کیا جاتا ہے - [illegible] کے [illegible] پسر نجیب احمد خان کا تقرر [illegible] ماہوار [illegible] مین منظور [illegible] ہے - [illegible] احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ ر نومبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر در بارہ منظوری رخصت مزید یکماہ امجد علیخان اہلمد صدر بنگ بوجہ علالت با انتظام سابقہ از یکم نومبر ۱۹۲۶ء تا آخر نومبر

حکم

بسلسلہ سابقہ یکماہ کی مزید رخصت بعوض با انتظام سابقہ حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر اہلمد کی منظور ہوئی - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۵ ر نومبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب ہوم ہولڈ - در بارہ منظوری رخصت عاجی ۱۵ یوم حبیب الرحمن خان نائب منصرم فراشخانہ مین ابتداء ۳۰ ر اکتوبر لغایت ۱۳ ر نومبر ۱۹۲۶ء بغرض علاج -

حکم

رخصت ۱۵ یوم منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور - ہفتہ دوم ماہ نومبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۱۰ ۵	۰	[illegible]	۰	۱۰ ۴	
نخود خالص	۱۰ ۵، ۹ ۴	۹	۰	۱۰ ۴	۰	۱۲	
نخود کسیر آمیز	۱۰ ۲	۰	۰	۱۷	۰	۱۰ ۹	
[illegible]	۱۰ ۲، ۹ ۴	۰	۰	۱۰ ۸	۰	۱۰ ۴	
ماش	۱۰ ۵، ۱۰ ۵	۱۲	۰	۱۲	۰	۱۲	
مونگ	۱۳، ۱۵	۰	۰	۰	۰	۱۲	
مکا	۱۶، ۹ ۴	۱۰ ۶	۰	۱۷	۰	۱۶	
جو	۱۵، ۱۰ ۵	۰	۰	۰	۰	۱۱	
کودھی	۰	۰	۰	۰	۰	۱۸	
عدس	۱۰ ۵، ۱۰ ۴	۰	۰	۰	۰	۱۲	
ارہر	۱۰ ۴، ۱۰ ۱	[illegible]	۰	۰	۰	۱۹	
برنج	۱۰ ۳	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۱۰ ۵	
روغن زرد	[illegible] چھٹانک	[illegible] چھٹانک	۰	[illegible] چھٹانک	۰	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	
روغن کنجد	۱۴	۲۱	۰	۰	۰	۱۱	
نمک سانبھر	۱۳	۱۲	۰	۱۱	۰	۱۳	
نمک لاہوری	۹	۱۸	۰	۰	۰	۱۸	
قند سیاہ	۳، ۴	۴	۰	۴	۰	۱۵	
باجرہ	۹ ۴، ۱۰ ۹	۱۰ ۴	۰	۱۰ ۲	۰	۱۶	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل قوم		تفصیل فوتی: ایک سال کی عمر تک		ایک سال سے دو سال تک		دو سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۱	۸	۳۱	۸	۶۸	۵۲	۱۶	۱۱	۹	۱	۳	۱۳	۱۲	۲۶	۲۸	۳۷	۱۶	۰	۰	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۴	
گنج	۳۹	۳	۱۲	۲	۵۳	۴۸	۵	۰	۳	۰	۲	۱۲	۸	۲۳	۱۲	۳۴	۵	۰	۰	۲۳	۱۳	۰	۰	۰	۳۶	
حوالی شہر	۱۳	۲۱	۸	۹	۵۱	۲۱	۳۰	۱۰	۷	۰	۲	۷	۷	۱۷	۱۳	۱۷	۱۳	۰	۰	۳۰	۰	۰	۰	۰	۳۰	
عظیم نگر	۲۷	۲۳	۱۶	۱۶	۸۳	۴۳	۳۰	۲	۱۱	۰	۳	۸	۴	۱۵	۱۸	۱۸	۱۵	۰	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
شاہ آباد	۲۳	۴۹	۲۷	۴۱	۱۴۰	۵۰	۹۰	۸	۱۰	۰	۰	۱۵	۱۱	۲۳	۲۲	۱۲	۳۳	۰	۰	۰	۴۴	۱	۰	۰	۴۵	
بیلونی	۱۳	۳۵	۸	[illegible]	۴۸	۲۱	[illegible]	۳	۳	۰	۰	۸	۷	۱۱	۱۰	۳	۱۸	۰	۰	۰	۲۰	۱	۰	۰	۲۱	
خاص	۲۶	۱۰۹	۲۴	۹۳	۲۵۲	۵۰	۲۰۲	۱۲	۲۰	۱	۱	۲۲	۲۴	۳۹	۴۲	[illegible]	۴۳	۰	۱	۰	۸۰	۰	۰	۰	۸۱	
بلاسپور	۱۶	۲۱	۶	۱۴	۵۷	۲۲	۳۵	۲	۴	۰	۰	۱۲	۹	۱۸	۱۶	۱۹	۱۵	۰	۰	۳۳	۰	۱	۰	۰	۳۴	
کیمری	۲۰	۴۳	۲۰	۲۴	۱۰۷	۲۸	۷۹	۵	۲	۰	۱	۱۱	۷	۱۶	۱۰	۱۱	۱۵	۰	۰	۰	۲۵	۱	۰	۰	۲۶	
سوار	۱۶	۱۱	۱۴	۱۲	۵۳	۳۰	۲۳	۳	۳	۴	۰	۱	۱	۱۲	۳	۱۱	۵	۰	۰	۱۵	۱	۰	۰	۰	۱۶	
ٹانڈہ	۲۰	۱۸	۲۰	۲۶	۸۳	۴۰	۴۳	۳	۸	۰	۰	۹	۸	۱۲	۱۶	۱۵	۱۳	۰	۰	۰	۲۸	۰	۰	۰	۲۸	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۸۵	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	